مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں، تو آپ اپنے
ڈے کیئر سینٹر میں تعلیمی سربراہ سے رابطہ
کرسکتے ہیں۔

ہم آپ کے ساتھ مثبت تعاون کے خواہاں ہیں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،
Greve بلدیاتی مباحثہ کمیٹی برائے ڈے کیئر

بچوں اور گھرانوں کے لیے مرکز
برائے ڈے کیئر اور اسکولز سینٹر

Greve بلدیہ

معلومات برائے والدین

مباحثہ کمیٹی برائے ڈے کیئر

- ایک اشتراک مابین از
بچوں کی فلاح و بہبود اور نشوونما کے لیے پیشہ
ور ماہرین اور والدین

ہر میٹنگ کا اختتام کسی مخصوص مسئلے/چیلنج کے حوالے سے تبدیلیاں پیدا کرنے کے لیے درکار کسی بھی نوعیت کی تجاویز اور فیصلوں سے متعلق گفتگو پر ہوتا ہے۔

مباحثے کی میٹنگ کے بعد

مباحثے کی میٹنگ کے بعد، مباحثہ کمیٹی مباحثے کی میٹنگ سے اخذ کردہ تجاویز اور فیصلوں کے حوالے سے مختصر نکات ضابطۂ تحریر میں لاتی ہے۔ یہ نکات تمام شرکاء کو ارسال کیے جاتے ہیں۔

اس کے بعد، والدین، ماہرینِ تعلیم اور، اگر ضرورت ہو تو، دیگر ماہرین مزید پیش رفت، بشمول اپنی ذاتی کاوشوں کے لیے تجاویز پر بات کرتے ہیں۔

وہ اس بات پر بھی اتفاق کرتے ہیں کہ آئندہ کے لیے بچے کی نشوونما کی کب اور کیسے آگاہی لی جائے گی۔

والدین اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ تعلیمی نفسیاتی مشاورت (PPR) یا فیملی مشاورت کی جانب سے ثالثی کے کسی بھی عمل پر پیش رفت کی جائے گی، اگرچہ کہ گفتگو کی اصل میٹنگ میں یہ بات طے نہ کی گئی ہو۔

PPR کے لیے سفارشات مباحثہ کمیٹی کے ذریعے پیش ہوتی ہیں۔

والدین بذاتِ خود بھی PPR یا فیملی مشاورت سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

مباحثے کی میٹنگ سے قبل

مباحثے کی میٹنگز میں، والدین اپنے بچوں سے متعلق گفتگو میں شریک ہوتے ہیں۔

مباحثے کی میٹنگ سے قبل، والدین بچے کے ماہرینِ تعلیم سے، مباحثے کی میٹنگ کے لیے گفتگو کے اہم نکات پر اتفاق کرتے ہیں۔

والدین سے اتفاقِ رائے کے بعد، بچے کے ماہرینِ تعلیم ایک مختصر رپورٹ تحریر کرتے ہیں، جس پر والدین دستخط کرتے ہیں۔ والدین کو میٹنگ کے لیے رپورٹ میں مزید تاثرات شامل کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔

اس بات کا تجزیہ کیا جاتا ہے کہ کیا دیگر اہم لوگوں کا بھی اس میٹنگ میں شامل ہونا بہتر ہوسکتا ہے۔ اس بات پر بھی اتفاق کیا جاتا ہے کہ آیا مترجم کا میٹنگ میں موجود ہونا ضروری ہے یا نہیں۔

مباحثے کی میٹنگ کے دوران

مباحثے کی میٹنگ میں ضلع کا سربراہ سب کا استقبال کرتا ہے اور اس بات کا جائزہ پیش کرتا ہے کہ مباحثے کی میٹنگ کیسے منعقد کی جائے گی۔

مباحثے کی میٹنگ میں، شرکاء اس بات پر گفتگو کرتے ہیں کہ وہ بچے کی معاونت کے لیے روزمرہ بنیاد پر مزید کیا کچھ کرسکتے

مثال کے طور پر، گفتگو درج ذیل کے بارے میں ہوسکتی ہے:

- کہ کیا والدین، اساتذہ اور ماہرینِ تعلیم بچے کی روزمرہ زندگی میں کوئی تبدیلی لا سکتے ہیں
- کیا معاون کارکن، گویائی/سماعت کا کنسلٹنٹ یا ماہر نفسیات تبدیلیاں لانے کے حوالے سے بچے کی زندگی سے تعلق رکھنے والے بالغ افراد کو تعاون فراہم کرسکتے ہیں۔
- کیا بچے کی نشوونما کے تجزیے کے لیے گویائی/سماعت کے کنسلٹنٹ کی ضرورت ہے

عزیز والدین،

کسی بھی بچے کو اپنی زندگی کے ابتدائی چھ سالوں کے دوران والدین، ماہرینِ تعلیم یا دیگر افراد کی جانب سے خصوصی کاوش درکار ہوسکتی ہے۔

بعض اوقات ازخود بچے کی مدد کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ چنانچہ اسی مقصد کے لیے مباحثہ کمیٹی بنائی گئی ہے، جس سے والدین اور ماہرینِ تعلیم رجوع کرسکتے ہیں۔

یہاں آپ بچے کی نشوونما کے تناظر میں پیش آنے والے مسائل اور مشکلات کے حوالے سے اور چیزوں کو بد سے بدتر ہونے سے بچانے کے لیے معاونت حاصل کرسکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، یہ معاملہ درج ذیل حوالوں سے اس بات کا تعین کرسکتا ہے کہ بالغ افراد بچے کی معاونت کیونکر کرسکتے ہیں:

- جس قدر ممکن ہو فلاح و بہبود، اور سیکھنے سکھانے کے حوالے سے
- ڈے کیئر میں داخل ہونے پر پسندیدگی کے اظہار کے حوالے سے
- ڈے کیئر میں، تفریحی اوقات میں اور فیملی کے ساتھ موجودگی کے دوران بچوں اور بالغ افراد کے ساتھ بہتر

مباحثہ کمیٹی ضلع کے سربراہ، صحتِ عامہ کے ایک نمائندے، معاون کارکن، ایک ماہرِ نفسیات، گویائی/سماعت کے ایک کنسلٹنٹ اور ایک فیملی مشیر پر مشتمل ہوتی ہے۔

دیگر الفاظ میں، مباحثہ کمیٹی مختلف ماہرانہ آراء کی سماعت، مشاورت کے حصول، اور اگر ضرورت ہو تو، ثالثی کا موقع فراہم کرتی ہے۔

ہر بدھ کو مباحثے کی میٹنگز منعقد ہوتی ہیں صبح 8:30 سے 11:30 بجے تک طاق عددی ہفتوں میں۔